© rasailojaraid.com



## دارالعلوم دیو بند سے انٹرنیٹ پر درسِ نظامی کی تعلیم

دارالعلوم دیو بند سے متعلقہ علماء کرام نے دیو بند سے انٹرنیٹ پر درسِ نظامی کا پانچ سالہ نصاب ترتیب دیا ہے اور عربی زبان اور ترجمۂ قرآن کریم کی آن لائن کلاسوں کا پروگرام بنایا ہے۔ جس کے مطابق انٹرنیٹ پر 25/اکتوبر 2009ء سے آن لائن کورسز کا آغاز کر دیا گیا ہے تا کہ جو حضرات کسی مدرسہ میں باضابطہ تعلیم حاصل نہیں کر سکتے۔ وہ اس سے استفادہ کر سکیں۔ اس سلسلہ میں مزید معلومات اس کی ویب سائٹ www.darululum.org سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

## امام اہل سنت حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدرؒ ماہنامہ ''الشریعۃ'' کی خصوصی اشاعت

امام اہل سنت حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر نور اللہ مرقدہ کی حیات وخدمات پر ماہنامہ الشریعہ گوجرانوالہ کی ''خصوصی اشاعت'' منظر عام پر آ گئی ہے جو اکابر علماء کرام اور ممتاز اصحابِ قلم کی نگارشات پر مشتمل ہے۔ اس کا ہدیہ تاجر حضرات سے 250 روپے ''الشریعۃ'' کے باقاعدہ خریداروں سے 300 روپے اور عام خریداروں سے 350 روپے ہے۔ مزید معلومات کے لیے حافظ محمد طاہر (0334-4458256) سے ہے۔ نیز امام اہل سنت کے افادات اور حیات وخدمات کے حوالہ سے ایک مستقل ویب سائٹ www.sarfrazsafdar.org کے عنوان سے قائم کر دی گئی ہے جس پر امام اہل سنت کے بارے میں ممتاز اہل قلم کی نگارشات کے علاوہ حضرت رحمہ اللہ تعالیٰ کے دروسِ قرآن کریم بھی ان کی اپنی آواز میں

## مسافرانِ آخرت

- حضرت مولانا اخلاق حسین قاسمی دہلویؒ، انتقال: 13/اکتوبر 2009ء
- شاہ بلیغ الدینؒ، انتقال: 11/اکتوبر 2009ء
- پروفیسر عبدالجبار شاکر (انچارج شعبہ طباعت انٹرنیشنل اسلامک یونی ورسٹی اسلام آباد) انتقال: 18/اکتوبر 2009ء
- خوش دامن مرحومہ، شفیع الرحمٰن احرار، کراچی، انتقال: 2/اکتوبر 2009ء
- جناب عاشق حسین مرحوم، (والد جناب نذر حسین، ملتان) انتقال: 19/اکتوبر 2009ء

قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے ایصالِ ثواب اور دعاء مغفرت کا اہتمام فرمائیں۔
حق تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین)



© rasailojaraid.com